# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. URDU IV Semester Examination April/May -2026

Paper **Title: Tanqeed o Tahqeeq** Paper Code: **MAUR402CCT**

## پرچہ: تنقید و تحقیق

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

**سوال : 1**

i. مندرجہ ذیل میں سے کس محقق کو تحقیق کا معلمِ اول تسلیم کیا جاتا ہے؟

(a) محی الدین قادری زور (b) امتیاز علی خاں عرشی (c) حافظ محمود خاں شیرانی (d) رشید حسن خاں

ii. ''اصول تحقیق و ترتیبِ متن'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) تنویر احمد علوی (b) شیخ اکرام (c) عبدالستار صدیقی (d) عبدالستار دلوی

iii. ''دکن میں اردو'' کس کی تحقیقی کتاب ہے؟

(a) عبدالقادر سروری (b) نصیرالدین ہاشمی (c) سیدہ جعفر (d) یوسف سرمست

iv. ''باغ و بہار'' کی تدوین کس نے کی؟

(a) مولوی عبدالحق (b) رشید حسن خاں (c) ان میں سے کسی نے نہیں (d) مذکورہ دونوں نے

v. ''تحقیق کسی امر کو اس کی اصل شکل میں دیکھنے کا نام ہے۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(a) حنیف نقوی (b) نذیر احمد (c) قاضی عبدالودود (d) کلیم الدین احمد

vi. کس نقاد نے کہا ہے کہ ''شاعری مسرت سے شروع ہوتی ہے اور بصیرت پر ختم ہوتی ہے''؟

(a) ٹی ایس ایلیٹ (b) ملٹن (c) رابرٹ فراسٹ (d) سیموئل جانسن

vii. ''شعر، غیر شعر اور نثر'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) شمیم حنفی (b) کمال احمد صدیقی (c) رشید حسن خاں (d) شمس الرحمٰن فاروقی

viii. ''ترقی پسندی، جدیدیت، مابعد جدیدیت'' کس کی کتاب ہے؟

(a) شارب ردولوی (b) عزیز احمد (c) گوپی چند نارنگ (d) احتشام حسین

ix. مندرجہ ذیل میں سے کس تنقیدی مضامین کے مجموعے میں ''میر کے مطالعے کی اہمیت'' شامل ہے؟

(a) ادب اور زندگی (b) مسرت سے بصیرت تک (c) روایت اور بغاوت (d) اردو تنقید پر ایک نظر

x. ''ادب اور انقلاب'' کس کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے؟

(a) اختر حسین رائے پوری (b) ممتاز حسین (c) وقار عظیم (d) خواجہ احمد فاروقی

## حصہ دوم

2. تحقیق کے لیے موضوع کا انتخاب کرنے کے دوران کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

3. تحقیق اور تنقید میں کیا تعلق ہے؟ مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

4. تنقید کے دوران نقاد کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

5. مابعد جدید تنقید سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

6. جدیدیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

7. آل احمد سرور کی تنقید نگاری کے نمایاں اوصاف بیان کیجیے۔

8. گیان چند جین کی تحقیقی خدمات کا محاکمہ کیجیے۔

9. شمس الرحمٰن فاروقی کی تنقید نگاری پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

## حصہ سوم

10. تحقیق کی تعریف بیان کیجیے اور اس کے مختلف مراحل پر روشنی ڈالیے۔

11. احتشام حسین کی تنقید نگاری کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12. گوپی چند نارنگ کی تنقید نگاری کے نمایاں اوصاف بیان کیجیے۔

13. مضمون ''میر کے مطالعے کی اہمیت'' کے بنیادی نکات بیان کیجیے۔

14. اردو کے چند اہم محققین کا تعارف پیش کیجیے۔

☆☆☆